Thematic Quranic Translation Series - Installment 107
(In English and Urdu)

THE REALITY OF THE "CODE OF NINETEEN (19)"

Unravelled in Quran's Own True Light

. . . . .

سلسلہ وار موضوعاتی تراجم کی قسط نمبر 107

عدد 19 کے خفیہ کوڈ کی حقیقت

قرآن کی اپنی سچّی روشنی میں عقدہ کشائی

اُردو متن انگلش کے بعد

(URDU Text follows the English one)

PRELUDE

What is the real meaning of "alayiha tis'ata 'ashar"(علیھا تسعۃ عشر) in Verse 74/30? Does it mean NINETEEN? Certainly NOT! Because that translation of Tis'ah 'Ashar" would make the sentence vague and meaningless. "OVER IT ARE NINETEEN" is a vague and incomplete sentence. Moreover it is fully connected with its preceding Verse too. Let us smash this Code theory in the first instance by presenting here a purely grammatical/lexical translation of both the Verses before the very start of our enlightening discourse. Please take full cognizance of the true meaning of this purported numerical code:-

لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ (٢٩) عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ(٣٠)

<u>Translation:</u> "There are standing by-laws (lawwaahatun – لوّاحة) for the humans (29), upon which is based ('alayihaa – عليها) a complete happy society (tis'ata 'ashara – تسعة عشر) (30)."

<u>Where;</u>

<u>Lawwahatan (لوّاحة)</u> is: written statutes, regulations, by-laws, on a tablet, board, bulletin, slab, slate, etc. Deriv. from LWH - **لوح**.

<u>Tis'ah (تسعة)</u> is: a Cardinal number signifying greatness, importance, completeness, happiness,

<u>'Ashara (عشر)</u> is: to consort, live with, cultivate one's society, become familiar; and

<u>The pronoun "ها" in 'Alyiha</u>, directly applies to the first word of the complete sentence, viz., "lawwahatun", without a fraction of doubt, ambiguity, conjecture or hesitation. Only both verses together form a complete and self-explanatory sentence.

● ● ● ● ● ● ● ● ● ● ●

Dear Valued Readers: We begin this article with the firm premise that Allah (swt) in His Book of Wisdom, has never stated, alleged, suggested, inferred or implied that the text of this Book of books has been subjected to, or tied up with, a certain **numerical/mathematical Code** which needs to be applied, as a rule, for examining its textual purity or otherwise; and that, this Code is inserted into Quran as a safeguard against any addition/alteration/deletion by vested interests! Though the God has certainly assumed responsibility of safeguards for Quran's security, but those safeguards are already in place since thirteen or fourteen centuries before the theory of Code 19 was "discovered or invented". And those safeguards are applied up till now in different academic and physical modes, not through any numerical code.

Hence the far-fetched theory highly propagated in favor of a certain **Code of 19 existing in Quran**, as a key numeral, by which the Quranic mathematical data must be divided to prove its veracity or genuineness, or to trace and pinpoint an

adulteration, addition or interpolation therein, is based on a superfluous thought or a personal invention. It has nothing to do with the Quran and its safeguards.

Dear Readers, we here are talking about a much-trumpeted theory of **CODE 19**, supposedly derived from **Chapter Al-Mudhaththar (74), Verse 30** of Quran where we find a phrase reading as "**'alayiha tis'ata 'ashar**" (**عليها تسعة عشر**) - The learned inventor of this theory was the late **Dr. Rashad Khalifah**. Its subsequent proponents and ardent supporters include the illustrious South African Scholar and Debater, **Ahmad Deedat (late)** and the presently active, learned, modern reformist Quranic scholar, **Edip Yuksel**, of Turkish origin. Both of them have written lengthy treatises and discourses in favor of this theory. Rashad Khalifa's website illustrates his theory in the following words.

"The Quran is characterized by a unique phenomenon never found in any human authored book. Every element of the Quran is mathematically composed — the suras, the verses, the words, the number of certain letters, the number of words from the same root, the number and variety of divine names, the unique spelling of certain words, the absence or deliberate alteration of certain letters within certain words, and many other elements of the Quran besides its content. There are two major facets of the Quran's mathematical system:

(1) The mathematical literary composition, and
(2) The mathematical structure involving the numbers of suras and verses.

Because of this comprehensive mathematical coding, the slightest distortion of the Quran's text or physical arrangement is immediately exposed."

According to Wikipedia, "Rashad Khalifa was an Egyptian-American biochemist, closely associated with the United Submitters International, an offshoot reform Islamic group. His teachings, most of which depended on numerological analysis of the Quran, were opposed by Traditionalist Muslims. He was assassinated on January 31, 1990. Khalifa said that he was ***a messenger of God but not a prophet***, and that the ***archangel Gabriel "most assertively" told him that chapter 36, verse 3, of the Quran, "specifically" referred to him.*** He coined the phrase "Final Testament" in reference to the Quran, with his followers referring to him as ***"God's Messenger of the Covenant"***. Some Muslims objected to his interpretations, based on his claim that parts of the Quran were fabricated; precluding him from being a strict Quranist.

In his works, Khalifa claimed that the **Quran contains a mathematical structure based on the number 19**. Starting in 1968, Khalifa used computers to analyze the frequency of letters and words in the Quran, with his first book on the topic appearing in 1973. Khalifa's research did not receive much attention in the West. In 1980, Martin Gardner mentioned it in *Scientific American*. Gardner later wrote a more extensive and critical review of Khalifa and his work. Khalifa's first published report in the Arab world appeared in the Egyptian magazine *Akher Sa'a*, in January 1973. Updates of his research were subsequently published by the same magazine later that year and again in 1975. On January 31, 1990, Khalifa was found stabbed to death inside the Masjid (Mosque) of Tucson, Arizona, he founded. He was stabbed multiple times……..”

It goes without saying at this point that in this research Article we are not concerned with details of Dr. Khalifa’s biography, his religious doctrine and affiliation (he claimed to be a Quranist), his claims of being a “messenger of the covenant”, or his Quranic translation. We are also not concerned with how vehemently he was opposed by traditional orthodox school of thought of mainstream Muslims. Our only concern here is to prove from a fully academic and rational translation of relevant part of Quran that both the said opposing schools of thought are grossly mistaken in their theories. They blatantly misconstrue and distort the Quranic text to paint it into the picture of their own liking. They add their own words into its text and into its translation in English language. And they fabricate and include their personal concepts into Quran on the pretext of Interpretation. As for Dr. Rashad Khalifa, his claims of being a messenger of God, and of the imaginary discourse he has had with Archangel Gabriel, constitute sufficient proof for us to believe in a derangement of his mental state and we can surmise that he needed some screws of his psychological apparatus to be tightened.

But before we embark upon an effective Quranic Rebuttal, it is befitting here to also give the valued Readers an insight into the Orthodox (traditionist) Muslim Interpretation on the **Theory of 19** which is radically opposed to Khalifa’s theory. We cannot agree with anyone of the two. Here it goes:

“**<u>Orthodox (traditionists) stand</u>**:

God puts forward a great test for the human race in the form of an allegory in sura 74: The test of number 19. It is a test intended to separate true believers from disingenuous people, as well as strengthen the faith of the sincere and prove the divine origin of the Quran. The sign of number 19 has been abused in many ways in the past, and the goal of this article will be to remain as close as possible to the actual meaning and context of sura 74. God gives us a clue regarding the real meaning of number 19 in verses 74:32-35, right after

presenting the test and warning the human race in 74:30-31. We will see that it is about establishing a parallel between the 19 angels who will guard the fire of hell and the fact that the sun, the moon and planet earth have been designed to be part of a system where 19 is the common denominator that reunites them (metonic cycle and 33 year solar-lunar calendar reunion), both in reality as well as in the way those cycles are reflected in the Quranic structure. This world is a final warning before either paradise or the retribution of hell where 19 angels will guard the guilty, and it is the reason why our world bears such a terrifying mathematical signature."

How weird or mythical the above 'concept' looks, my valued Readers can easily imagine!

Here is the text of the Quran from where lots of superfluous and speculative imaginary has been derived to create a sensational drama of **the CODE 19**:-

Chapter Al-Mudaththar: 74/25-31

انْ هَـٰذَا إِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ (٢٥) سَأُصْلِيهِ سَقَرَ (٢٦) وَمَا أَدْرَاكَ مَا سَقَرُ (٢٧) لَا تُبْقِي وَلَا تَذَرُ (٢٨) لَوَّاحَةٌ
لِّلْبَشَرِ (٢٩) عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ(٣٠) وَمَا جَعَلْنَا أَصْحَابَ النَّارِ إِلَّا مَلَائِكَةً ۙ وَمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ إِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ
كَفَرُوا لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَيَزْدَادَ الَّذِينَ آمَنُوا إِيمَانًا ۙ وَلَا يَرْتَابَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ
وَالْمُؤْمِنُونَ ۙ وَلِيَقُولَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ وَالْكَافِرُونَ مَاذَا أَرَادَ اللَّـهُ بِهَـٰذَا مَثَلًا ۚ كَذَٰلِكَ يُضِلُّ اللَّـهُ مَن
يَشَاءُ وَيَهْدِي مَن يَشَاءُ ۚوَمَا يَعْلَمُ جُنُودَ رَبِّكَ إِلَّا هُوَ ۚ وَمَا هِيَ إِلَّا ذِكْرَىٰ لِلْبَشَرِ (٣١)

The one grossly misinterpreted by both the factions is the Verse No.30 which reads as under :

عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ(٣٠)

1) Translated as "**OVER IT (THE QURAN) ARE NINETEEN"(30)" ???** by **Rashad Khalifa** and his followers; and

2) Translated as "**OVER IT ARE NINETEEN (ANGELS or POWERS) (30)"???** by the **mainstream orthodox group**.

1) First Translation by Rashad Khalifa Group

We can see that the first translation is incomplete and ambiguous. Nineteen(19) means nothing unless the objects or things it is counting or enumerating are specified. Just saying "over it are nineteen" means nothing

because the question spontaneously arises in one's mind as to, the NINETEEN OF WHAT? The simple logical answer would be that the word "Nineteen" is mis-translated to show a numerical value at this place, which it shouldn't. There should be an alternative meaning of "Tis'ah 'ashar" for the sentence to make sense and have validity. Moreover, they fabricate a noun for the pronoun (ضمير) of "'alayi-ha" of their own choice. They nominate Quran as the subject of the pronoun "ha". But Quran is not found in all the Verses of this Chapter preceding the Verse 30, to which pronoun "ha" can apply; and, apart from that, the Quran is not feminine or plural to qualify for the pronoun "ha"! So, they are stuck at the very first step, and the entire fabricated and famous theory of CODE 19, is decimated before it takes off!

<u>2) Second Translation by Orthodox Group</u>

We can also find that the second translation interpolates in the Quranic text by adding the word "*angels or powers*" on their own behalf. It's a crime against Quran and God! Why they commit that crime of interpolation? They know very well that by their translation of "nineteen" the sentence becomes incomplete, ambiguous, meaningless without showing the object of the counting. So, they have the audacity to add into the divine text to cover up an erroneous translation, and commit offense. They also ascribe the pronoun 'ha' in 'alayi-ha' (عليها) to FIRE, or Hellfire; whereas, the actual noun or subject of this pronoun is located right in the sentence (in Verse 29) preceding this Verse. And that is "Lawwaahatan". So this group too is stuck in soft sand in the very beginning.

Hence, rejecting both the above schools of thought on the grounds of distortion of Quranic text, let us now make the entire issue crystal clear in Quran's true light in the following sequence where you will find **the Arabic first, then the prevalent traditional translation, and then the latest fully academic and purely rational and enlightening translation:-**

انْ هَـٰذَا إِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ (٢٥) سَأُصْلِيهِ سَقَرَ (٢٦)

This is nothing but the word of the mortal!" [Hence,] I shall cause him to endure hell-fire [in the life to come]!(26)

"It is nothing but the saying of that mortal"(25). I am certainly going to cast him into Hell-fire (26)."

وَمَا أَدْرَاكَ مَا سَقَرُ (٢٧) لَا تُبْقِي وَلَا تَذَرُ (٢٨)

And what could make thee conceive what hell-fire is?(27) It does not allow to live, and neither leaves [to die],(28)

"And what would tell you as to what that Hell-fire is?(27) It is a retribution that neither allows to live nor leaves to die (laa tubqi wa laa tadhar – لا تُبقی و لاتذر).(28)"

لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ (٢٩) عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ (٣٠)

making [all truth] visible to mortal man.(29) Over it are nineteen [powers].(30)

"There are standing by-laws (lawwaahatun – لوّاحۃ) for the humans (29), upon which is based ('alayihaa – علیھا) a complete happy society (tis'ata 'ashara – تسعۃ عشر) (30)."

وَمَا جَعَلْنَا أَصْحَابَ النَّارِ إِلَّا مَلَائِكَةً ۙ وَمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ إِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَيَزْدَادَ الَّذِينَ آمَنُوا إِيمَانًا ۙ وَلَا يَرْتَابَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَالْمُؤْمِنُونَ ۙ وَلِيَقُولَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ وَالْكَافِرُونَ مَاذَا أَرَادَ اللَّـهُ بِهَـٰذَا مَثَلًا ۚ كَذَٰلِكَ يُضِلُّ اللَّـهُ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي مَن يَشَاءُ ۚ وَمَا يَعْلَمُ جُنُودَ رَبِّكَ إِلَّا هُوَ ۚ وَمَا هِيَ إِلَّا ذِكْرَىٰ لِلْبَشَرِ (٣١)

For We have caused none but angelic powers to lord over the fire [of hell]; and We have not caused their number to be aught but a trial for those who are bent on denying the truth – to the end that they who have been granted revelation aforetime might be convinced [of the truth of this divine writ]; and that they who have attained to faith [in it] might grow yet more firm in their faith; and that [both] they who have been granted the earlier revelation and they who believe [in this one] might be freed of all doubt; and that they in whose hearts is disease and the who deny the truth outright might ask, "What does [your] God mean by this parable?" In this way God lets go astray him that wills [to go astray], and guides aright him that wills [to be guided]. And none can comprehend thy Sustainers forces save Him alone: and all this is but a reminder to mortal man.

"And we have not made it a rule or routine to condemn common people to fire (ashaab-un-naar – اصحابُ النّار) except those particular ones who have been in the positions of power and authority (illaa malaa'ikatan – اِلّا ملائکۃ); and by clearly determining their kind/category ('Iddata-hum – عدّتھُم) we have created a state of hard trial (fitnatann – فتنۃ) for the deniers of truth, with the aim of making the people of the Book arrive at certainty in faith, and to increase in

faith those who have already believed; and that both the people of the Book and the faithful may not be left in doubts (laa yartaab – لا یرتاب); and to make those with contaminated minds and the deniers of truth exclaim as to what the God intends to emphasize by quoting this example; this is how Allah distracts those who so desire, and guides those who so desire; and no one knows the troops/power of your Sustainer, except He. And this is nothing but a reminder for the humanity (31).”

– – – –

اُردو متن کی ابتدا یہاں سے ہوتی ہے۔

سلسلہ وار موضوعاتی تراجم کی قسط نمبر 107

عدد 19 کے خفیہ کوڈ کی حقیقت

قرآن کی اپنی سچّی روشنی میں عقدہ کشائی

پیش لفظ

آیت نمبری 30/74 میں **"علیھا تسعۃ عشر "** کا حقیقی معنی کیا ہے؟ کیا اس سے مراد **19 کا عدد** ہے؟ یقینی طور پر ایسا نہیں ہے۔ کیونکہ "تسعۃ عشر" کا یہ ترجمہ اس جملے کو مبہم اور لایعنی بنا دیتا ہے۔ **"اس کے اوپر 19 ہیں"**، ایک لایعنی ادھورا جملہ ہے۔ مزید برآں، یہ اپنے سے ما قبل کی آیت کے ساتھ لازمی طور پر جُڑا ہوا، یعنی منسلک بھی ہے۔ آئیے ان دونوں آیات کے ایک خالص گرامر اور لغوی بنیاد پر کیے گئے ترجمے کو پیش کرتے ہوئے ہم اس خفیہ کوڈ کی تھیوری کو پہلے مرحلے میں ہی مسترد کر دیتے ہیں قبل اسکے کہ ہمارے بصیرت افروز ڈسکشن کی ابتدا ہو۔ ازراہِ کرم قارئین اس **"مفروضہ ریاضیاتی کلیے"** کے سچے معانی کا بغور ادراک فرمائیں:-

لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ (٢٩) عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ(٣٠)

ترجمہ: "انسانوں کے لیے بائی لاز/قوانین/ضابطے/اصول [لوّاحۃ] موجود ہیں، یا دے دیے گئے ہیں [29]، جن کی بنیاد پر ایک مکمل اور خوشحال معاشرے [تِسعۃ عشر] کا قیام عمل میں آتا ہے [30]۔"

جہاں :

<u>لوّاحۃ کا معنی ہے</u> : تحریر شدہ ضابطے، اصول و قواعد، قوانین، کسی دستاویز، بورڈ، سلیٹ یا ٹھوس مادے وغیرہ پر لکھا ہوا؛ لوح سے مشتق؛

<u>تسعۃ کا معنی ہے:</u> ایک بڑی اہمیت رکھنے والا نمبر جو عظمت، اہمیت، کاملیت اور خوشی کی علامت ہے؛

<u>عشر کا معنی ہے</u>: میل ملاپ کرنا، ساتھ رہنا، ایک معاشرے کی تعمیر، باہم مانوس ہونا، وغیرہ۔

<u>علیھا میں ھا کی ضمیر</u>: براہ راست مکمل فقرے کے پہلے لفظ یعنی لوّاحۃ" پر لاگو ہوتی ہے، کسی ابہام یا اشتباہ یا تردد یا دور دراز سے لائے گئے جوڑ توڑ کے بغیر۔ دونوں آیات مل کر ہی ایک مکمل خود مکتفی جملہ تشکیل پاتا ہے۔

....

محترم قارئین: ہم اس مقالے کو اس واضح موقف کے ساتھ پیش کررہے ہیں کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنی کتابِ حکیم میں کہیں بھی یہ قول، بیان، اشارہ، علامت یا کنایہ نہیں دیا کہ اس کتاب کا متن کسی خاص لفظی یا عددی یا ریاضیاتی کلیے یا نظام کے تابع کر دیا گیا ہے جسے ایک ایسے اصول یا فارمولے کی مانند استعمال کرنے کی ضرورت ہے کہ جس سےاس کے متن کی شفافیت یا غیر شفافیت کی جانچ کی جا سکے؛ اور یہ کہ، **19 نمبر کی ایسی کوئی عددی رمز** قرآن میں اس لیے ڈال دی گئی ہے کہ اس میں مذموم نیت کے ساتھ ڈالے جانے والے کسی اضافہ/تبدیلی/حذف وغیرہ سے اس کی حفاظت کی جاسکے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن کی حفاظت کا ذمہ تو اُٹھایا ہے، لیکن ایسی حفاظت وہ ذاتِ پاک 19 کی تھیوری کے ایجاد ہونے سے تیرہ چودہ صدیاں قبل ہی سے کر رہا ہے اور اس کے لیے وہ مختلف عملی و علمی طریقےبروئے کار لا چکا ہے۔ اور ایسا یقینا اب تک کسی بھی عددی کلیے کے تحت نہیں ہوتا رہا ہے۔

فلھٰذا **عدد 19 کے <u>خفیہ کوڈ یا کُلیے</u>** جیسے دور دراز سے لائے گئے نظریے کے حق میں کیا گیا پروپیگنڈا، کہ یہ ایک ایسا تقسیمی عدد ہے جس سے قرآن کا ہر نوعیت کا عددی شماریاتی مواد اُس کی اصلیت اور شفافیت کو ثابت کرنے کے لیے تقسیم کیا جانا چاہیے، یا پھریہ کہ اس تقسیم سے اس میں کسی بگاڑ کے ڈالے جانے کی نشاندہی کی جا سکتی ہے، صرف ایک غیرقرآنی سوچ پر مبنی ہے اور ایک ذاتی اختراع ہے۔ اس کا قرآن اور اس کے تحفظات سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

پیارے قارئین، ہم یہاں **"کوڈ 19"** کے ایک بہت زیادہ ڈھنڈورا پیٹے جانے والے نظریے سے متعلق بات کر رہے ہیں، جو ظاہری طور پر قرآن کی **سورۃ المدثّر [74] کی آیت نمبری 30** سے اخذ کیا گیا ہے جہاں ہم ایک جملہ دیکھتے ہیں جو اس طرح پڑھا جاتا ہے : **علیھا تسعۃ عشر۔** اس نظریے کے فاضل موجد کا نام ڈاکٹر رشد خلیفہ ہے۔ اس کے ذیلی تجویز کنندہ یا نہایت نمایاں سپورٹرز میں نامور جنوبی افریقی سکالر اور مناظر، جناب احمد دیدات [مرحوم] [**the late Ahmed Deedat**] اور زمانہ حال میں برسرِ کار، فاضل، جدید اصلاحی قرآنی سکالر، ادیب یوکسل [**Edip Yuksel**] شامل ہیں جو

ترکی الاصل ہیں۔ ان دونوں فاضلین نے اس نظریے کی حمایت میں طول طویل مقالات اور دیگر تحریریں لکھی ہیں۔ رشد خلیفہ کی ویب سائٹ اس نظریے پر اس طرح روشنی ڈالتی ہے:-

"قرآن کے کردار کو ایک اچھوتے وقوعے کے ذریعے نمایاں کیا گیا ہے جو کسی بھی انسانی تحریر شدہ کتاب میں کبھی نہیں پایا گیا۔ قرآن کے تمام اجزائے ترکیبی ریاضیاتی انداز میں ترتیب دیے گئے ہیں – تمام سورتیں، آیات، الفاظ، بہت سے حروف کی تعداد، ایک ہی مادے سے مشتق الفاظ کی تعداد، الہامی ناموں کی تعداد اور اقسام، کچھ الفاظ کے انفرادی ہجّے، کچھ الفاظ میں سے کچھ حروف کا ارادی طور پر تبدیل یا غائب ہو جانا، اور قرآن کے مشمولات کے علاوہ بھی اس کے دیگر بہت سے عناصر۔ قرآن کے ریاضیاتی نظام کے دو بڑے میدان ہیں :-

1] ریاضیاتی ادبی ترتیب، اور
2] سورتوں اور آیات کی تعداد سے متعلقہ ریاضیاتی ڈھانچہ

اس تفصیلی ریاضیاتی" کوڈنگ" کی بنا پر قرآن کے متن یا اس کے ترتیبی نظام میں کی گئی معمولی ترین تبدیلی یا بگاڑ کی بھی فوری نشاندہی ہو جاتی ہے۔"

ویکیپیڈیا کے مطابق، "رشد خلیفہ ایک مصری/امریکی بایوکیمسٹ تھے جو یونائٹڈ سبمیٹرز انٹرنیشنل [**United Submitters International**] کے ساتھ قریبی وابستگی رکھتے تھے، جو کہ ایک اصلاحی اسلامی گروپ کی ذیلی تنظیم تھی۔ اُن کی تعلیمات جس کا بڑا حصہ قرآن کے عددی تجزیے پر انحصار کرتا تھا، روایتی مسلم علماء کی جانب سے مخالفت کا ہدف تھا۔ انہیں 31 جنوری 1990 کو قتل کر دیا گیا تھا۔ خلیفہ یہ کہتے تھے کہ وہ اللہ کے ایک نبی نہیں بلکہ رسول تھے، اور یہ کہ جبریل نامی فرشتوں کے سردار نے انہیں زور دے کر بتایا تھا کہ قرآن کی سورت 36 کی آیت نمبری 3 واضح طور پر اُن ہی کا حوالہ دیتی تھی۔ انہوں نے ہی قرآن کے حوالے سے اصطلاح "**آخری یا حتمی عہدنامہ**" گھڑی، جب کہ اُن کے متبعین انہیں "**عہد نامے کے تحت اللہ کا رسول**" کہ کر پکارتے تھے۔ کچھ مسلمانوں نے ان کی تعبیرات پر اعتراضات کیے جو اُن کے اس دعوے کی بنیاد پر کی گئی تھیں کہ قرآن کے کچھ حصے من گھڑت واقع ہوئے ہیں؛ ان تعبیرات کے باعث انہیں ایک با ضابطہ قرآنی عالم کا قالب اختیار کرنے میں رکاوٹ پیش آئی۔

اپنے کام میں ڈاکٹر خلیفہ نے یہ دعویٰ کیا کہ قرآن 19 کے عدد پرقائم ایک ریاضیاتی ڈھانچہ رکھتا ہے اور اِس ضمن میں انہوں نے قرآن میں پائے جانے والے الفاظ اور حروف کی تعداد جانچنے کے لیے کمپیوٹر کا استعمال کیا۔ یہ سب کچھ انہوں نےاپنی پہلی کتاب کی اشاعت کے ساتھ ساتھ کیا جو 1973 میں منظرِ عام پر آئی۔ تاہم ان کی تحقیق کو مغرب سے زیادہ توجہ نہ مل سکی۔ 1980 میں مارٹن گارڈنر[**Martin Gardner**] نے اسے "سائنٹیفک امیریکن" [**Scientific American**] میں حوالہ زد کیا۔ گارڈنر نے ہی بعد ازاں خلیفہ اور اُن کے کام پر ایک وسیع تر اور تنقیدی تجزیہ پیش کیا۔ ڈاکٹر خلیفہ کا عرب دنیا میں پہلا کام مصری میگزین، آخر سعیٰ، میں جنوری 1973 میں نمودار ہوا۔ اُن کی تحقیق کے ارتقائی مراحل بعد ازاں اسی میگزین نے اُس سال اور دوبارہ 1975 میں شائع کیے۔ جنوری 31، 1990 میں خلیفہ اپنی اُس مسجد میں مقتول پائے گئے جو خود انہوں نے ٹسون، ایریزونا [**Tucson, Arizona**] میں قائم کی تھی۔ انہیں خنجر کے متعدد واروں سے قتل کیا گیا تھا۔---"

یہاں یہ کہنے کہ تو ضرورت ہی نہیں کہ یہ تحقیقی مقالہ نہ تو ڈاکٹر خلیفہ کی بایوگرافی کی تفصیلات سے متعلق ہے، نہ ہی ان کے مذہبی فلسفے سے یا ان کی وابستگیوں سے [ان کا دعویٰ تھا کہ وہ ایک قرآنسٹ ہیں]، نہ ہی ان کے اس دعوے سے کہ وہ "عہدنامے کے تحت ایک پیغمبر" ہیں، اور نہ ہی ان کے قرآنی تراجم سے۔ ہماری دلچسپی کا موضوع یہ بھی نہیں ہے کہ مسلمانوں کے روایتی سوادِ اعظم نے کس سختی کے ساتھ اُن کی مخالفت کی۔ ہمارا ایشو یہاں پر صرف یہ ہے کہ قرآن کے متعلقہ حصے کے ایک مکمل علمی اور عقلی ترجمے سے یہ ثابت کر دیں کہ دونوں باہم متحارب مکاتبِ فکر اپنی اپنی تھیوریوں میں فاش غلطی کا ارتکاب کر رہے ہیں۔ یہ دیدہ دلیری کے ساتھ قرآنی متون کو بگاڑنے کا جرم کر رہے ہیں تاکہ اسے ایک ایسے رنگ میں رنگ سکیں جو اُن کی مرضی کے موافق ہے۔ یہ دونوں اپنے الفاظ قرآن کے متون میں داخل کرتے ہیں اور وہاں سے اس کے انگلش تراجم میں ڈال دیتے ہیں۔ اور اس طرح مستشرقین کو بھی گمراہ کرتے ہیں۔ یہ لوگ اپنی خواہش کےمطالب گھڑتے ہیں اور اپنے ذاتی تصورات کو تعبیرات لکھنے کے بہانے قرآن میں ڈال دیتے ہیں۔ البتہ جہاں تک ڈاکٹر رشد خلیفہ کا تعلق ہے، اُن کے اللہ کا رسول ہونے کا دعویٰ، اور فرشتوں کے سردار جبریل کے ہمراہ مکالمے کا دعویٰ، ہمارے لیے کافی سے زیادہ اس حقیقت کا ثبوت مہیا کرتے ہیں کہ اُن کی ذہنی حالت کسی حد تک دگرگوں تھی، اور ہم یہ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ انہیں اپنے نفسیاتی آلات یا پُرزوں کے کچھ سکریو ٹائٹ کرنے کی سخت ضرورت تھی۔

لیکن اس سے قبل کہ ہم ان دونوں کے ایک موثر ابطال کی طرف قدم بڑھائیں، یہاں یہ مناسب ہوگا کہ اپنے محترم قارئین کو روایتی مسلم تعبیرات کے بارے میں بھی، جو **عدد 19 کی تھیوری** کے بارے میں قائم کی گئی ہیں اور جو کہ ڈاکٹر خلیفہ کی تھیوری کے بالکل متخالف ہیں، ایک اندرونی بریفنگ دے دی جائے۔ ہم ان دونوں میں سے کسی کے ساتھ بھی اتفاق نہیں کرتے۔ یہ ہیں وہ روایتی تعبیرات:۔

<u>روایتی مسلم تعبیرات یا روایتی موقف:</u>

"سورۃ نمبری 74 میں اللہ تعلیٰ نے نسلِ انسانی کے لیے استعارے کی شکل میں ایک عظیم امتحان پیش کیا ہے: یہ امتحان 19 کے عدد کا ہے۔ یہ ایک ایسا ٹیسٹ ہے حو سچے اہلِ ایمان کو جھوٹے لوگوں سے ممیّز[علیحدہ] کر دیتا ہے، اخلاص رکھنے والوں کو ایمان میں مضبوطی عطا کرتا ہے اور قرآن کے الہامی ماخذ ہونےکا ثبوت دیتا ہے۔ نمبر 19 کا اشارہ ماضی میں مختلف انداز میں غلط استعمال کا نشانہ بنایاگیا ہے، اور اس مقالے کا مقصد سورۃ 74 کے اصل معنی اور سیاق و سباق کے جتنا بھی ممکن ہو قریب تر رہنا ہے۔ آیت نمبر 30/74-31 میں نسلِ انسانی کے لیے وہ امتحان اور وارننگ پیش کرنے کے فورا بعد آیات نمبری 32/74-35 میں اللہ تعالیٰ ہمیں 19 کے عدد کی اصل معنی کے بارے میں اشارہ دیتا ہے۔ ہم دیکھیں گے کہ یہ ایک ایسی متوازی لائن قائم کرنے کےلیے ہے جو 19 فرشتوں کے، جو جہنم کی آگ کی نگرانی کریں گے، اور اُس حقیقت کے درمیان ہے کہ سورج، چاند اور سیارہ زمین ایک ایسے نظام کے حصے کے طور پر ڈیزائن کیے گئے ہیں جہاں 19 کا عدد ایک ایسا عمومی عنوان یا ویلیو ہے جو انہیں دوبارہ باہم جوڑ دینے کا کم کرتا ہے [میٹونک سائیکل اور 33 سالہ شمسی-قمری کیلنڈر کا آپسی ملاپ] حقیقت میں بھی اوراُس لحاظ سے بھی کہ یہ دائرے قرآنی ڈھانچے میں بھی جھلکتے ہیں۔ جنت یا دوزخ کی سزا ملنے سے قبل یہ دنیا ایک فائنل وارننگ کی حیثیت رکھتی ہے جہاں 19 فرشتے گنہگار کی نگرانی کریں گے، اور یہی وجہ ہے کہ ہماری یہ دنیا کیوں اس قسم کا ایک خوفناک ریاضیاتی پہلو یا شکل رکھتی ہے"۔

درج بالا روایتی عرب مسلم علماء کے گروپ کا یہ انگلش زبان میں کیا گیا تبصرہ کس قدر خارج از عقل اورعجیب و غریب نوعیت کی غیر قرآنی شکل رکھتا ہے، میرے محترم قارئین خود ہی اندازہ لگا سکتے ہیں۔

تو قارئین درج ذیل قرآن کا وہ متن ہے جہاں سے لمبے چوڑے [**protracted**] ، فالتو [**superfluous**] اور قیاسانہ مفروضات [**conjectures**] قائم کیے گئے ہیں تاکہ کسی **"کوڈ 19"** کا ایک سنسنی خیز ڈرامہ تخلیق کیا جائے:-

سورۃ المُدثّر: 31-25/74

انْ هَـٰذَا إِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ (٢٥) سَأُصْلِيهِ سَقَرَ (٢٦) وَمَا أَدْرَاكَ مَا سَقَرُ (٢٧) لَا تُبْقِي وَلَا تَذَرُ (٢٨) لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ (٢٩) عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ(٣٠) وَمَا جَعَلْنَا أَصْحَابَ النَّارِ إِلَّا مَلَائِكَةً ۙ وَمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ إِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَيَزْدَادَ الَّذِينَ آمَنُوا إِيمَانًا ۙ وَلَا يَرْتَابَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَالْمُؤْمِنُونَ ۙ وَلِيَقُولَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ وَالْكَافِرُونَ مَاذَا أَرَادَ اللَّـهُ بِهَـٰذَا مَثَلًا ۚ كَذَٰلِكَ يُضِلُّ اللَّـهُ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي مَن يَشَاءُ ۚوَمَا يَعْلَمُ جُنُودَ رَبِّكَ إِلَّا هُوَ ۚ وَمَا هِيَ إِلَّا ذِكْرَىٰ لِلْبَشَرِ (٣١)

اس متن میں سے ایک آیت نمبری 30 جس کا ترجمہ لمبے چوڑے قیاسات کا موضوع بنایا گیا ہے وہ اس طرح پیش کی گئی ہے :-

عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ(٣٠)

[1 ڈاکٹر رشد خلیفہ ، اور اُن کے متبعین اس کا ترجمہ اس طرح کرتے ہیں : **"اس [قرآن] کے اوپر 19 ہیں"** ؟؟؟ اور

[2 روایتی مسلم گروپ اس کا ترجمہ اس طرح کرتا ہے: **"اس کے اوپر 19 [فرشتے/طاقتیں] ہیں"**؟؟؟

{1 ڈاکٹر رشد خلیفہ گروپ کا پہلا ترجمہ

ہم بآسانی دیکھ سکتے ہیں کہ پہلے گروپ کا ترجمہ نا مکمل اور مبہم ہے۔ **عدد 19** کا معنی کچھ بھی نہیں جب تک کہ ان اشیاء کا ذکریا نشاندہی نہ کی جائے جن کی گنتی کی گئی ہے۔ صرف یہ کہدینا کہ **"اس کے اوپر 19 ہیں"** کوئی معنی نہیں رکھتا کیونکہ اس سے ذہن میں فورا ہی سوال اُٹھتا ہے کہ **"کیا یا کون سی 19 چیزیں؟"** یہاں ایک بڑا سادہ اور عقلی جواب یہ ہوگا کہ **لفظ 19 – تسعۃ عشر،** کا یہاں غلط ترجمہ کیا گیا ہے تاکہ یہاں ایک **عددی یا ریاضیاتی قدر** دکھائی جائے، جو کہ نہیں کرنا چاہیئے تھا۔ یہاں پر تو **تسعۃ عشر** کا ایک متبادل معانی لانا چاہیئے تھا تاکہ جملہ میں کوئی عقل اور قبولیت پیدا ہو سکے۔ مزید برآں، یہاں یہ لوگ **علیھا** میں موجود **ھا کی ضمیر** کے لیے اپنی مرضی کا ایک مرجع منتخب کر رہے ہیں۔ یہ لوگ اس ضمیر کا مرجع قرآن کو بنا رہے ہیں۔ لیکن آیت 30 سے قبل کی گئی

آیات میں قرآن کا لفظ کہیں موجود ہی نہیں ہے جس پر اس **ھا کی ضمیر** کا اطلاق ہو سکے؛ اور، علاوہ ازیں، قرآن تو ویسے بھی نہ مونث ہے اور نہ ہی جمع کا صیغہ کہ اس پر **ھا کی ضمیر** کا اطلاق ہو سکے۔ فلہٰذا یہ لوگ پہلے قدم پر ہی ناکام ہو چکے ہیں، اور ان کی مشہور اور من گھڑت **کوڈ 19 کی تھیوری** چلنے سے پہلے ہی فنا کے گھاٹ اُتر چکی ہے۔

2} روایتی گروپ کا دوسرا ترجمہ

ہم یہاں بھی بآسانی دیکھ سکتے ہیں کہ درجِ بالا دوسرا ترجمہ قرآن متن میں لفظ **"فرشتے یا طاقتیں"** کا اضافہ کرتا ہے اور اپنی مرضی سے قرآن میں تحریف کا ارتکاب کرتا ہے۔ یہ قرآن اور اللہ تعالیٰ کے خلاف ایک جرم ہے۔ وہ اس تحریف کے جرم کا ارتکاب کیوں کرتے ہیں؟ اس لیے کہ وہ خوب جانتے ہیں کہ اُن کے **19 کے عدد کے ترجمے** سے یہ فقرہ نا مکمل، مبہم اور لایعنی بن جاتا ہے کیوں کہ اس 19 کی گنتی کا کوئی ہدف ہی نہیں ہے۔ فلہٰذا وہ اس جسارت کے مرتکب ہوتے ہیں کہ تسعۃ عشر کے اپنے غلط ترجمے کو درست ثابت کرنے کے لیے 19 کے ساتھ "فرشتے یا طاقتیں" کا اضافہ کریں، اور ایک جرم کا ارتکاب کریں۔ مزید برآں، یہ بھی **ضمیر ھا** کے لیے ایک مرجع اپنے پاس سے گھڑتے ہیں، اور "جہنم کی آگ" کو اس ضمیر کا مرجع بنا دیتے ہیں۔ حالانکہ اس ضمیر کا مرجع اس سے پہلی والی آیت [آیت 29] میں ہی موجود ہے۔ اور یہ مرجع ہے **"لوّاحۃ"۔** پس یہ گروپ بھی اپنی تھیوری کی ابتدا ہی سے جہالت کی دلدل میں دھنس چکا ہے۔

تو قارئین، دونوں مکاتبِ فکر کو قرآنی متون میں صریح بگاڑ کا ارتکاب کرنے کی بنیاد پر مسترد کرتے ہوئے، آئیے ہم اس مدعے کو قرآن کی سچی روشنی میں صاف و شفاف بنا دیتے ہیں۔ اور اپنا تحقیقی ترجمہ ہم اس ترتیب میں ذیل میں پیش کرتے ہیں کہ پہلی لائن میں عربی متن ہے؛ دوسری لائن میں مروجہ روایتی ترجمہ ہے، اور تیسری لائن میں جدید ترین علمی اور خالص عقلی و لغوی ترجمہ پیش کر دیا جاتا ہے:-

إِنْ هَٰذَا إِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ (٢٥) سَأُصْلِيهِ سَقَرَ (٢٦)

مروجہ روایتی: یہ تو ایک انسانی کلام ہے [25] عنقریب میں اسے دوزخ میں جھونک دوں گا [26]

جدید علمی و عقلی: "یہ اس کے سوا کچھ نہیں کہ اُس فانی انسان کا قول ہے۔ میں یقینا اسے جہنم کی آگ کے حوالے کر دوں گا [26]"۔

وَمَا أَدْرَاكَ مَا سَقَرُ (٢٧) لَا تُبْقِي وَلَا تَذَرُ (٢٨)

مروجہ روایتی: اور تم کیا جانو کہ کیا ہے وہ دوزخ؟ [27]۔ نہ باقی رکھے نہ چھوڑے [28]

<u>جدید علمی و عقلی:</u> **"اور تمہیں کیا چیز یہ بتائے گی کہ جہنم کی آگ کیا بلا ہے؟ [27] یہ تو ایسا عذاب ہے جو نہ جینے دے گا اور نہ ہی مرنے دے گا [لا تبقیٰ و لا تذر] [28]**

<u>لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ (٢٩) عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ(٣٠)</u>

<u>مروجہ روایتی:</u> کھال جھلس دینے والی[29] انّیس کارکن اس پر مقرر ہیں [30]

<u>جدید علمی و عقلی:</u> **"انسانوں کے لیے تو بائی لاز/قوانین/ضابطے/اصول [لوّاحۃ] دے دیے گئے ہیں [29]، جن کی بنیاد پر ایک مکمل اور خوشحال معاشرہ [تِسعۃ عشر] کا قیام عمل میں آتا ہے [30]۔"**

<u>وَمَا جَعَلْنَا أَصْحَابَ النَّارِ إِلَّا مَلَائِكَةً ۙ وَمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ إِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَيَزْدَادَ الَّذِينَ آمَنُوا إِيمَانًا ۙ وَلَا يَرْتَابَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَالْمُؤْمِنُونَ ۙ وَلِيَقُولَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ وَالْكَافِرُونَ مَاذَا أَرَادَ اللَّـهُ بِهَـٰذَا مَثَلًا ۚ كَذَٰلِكَ يُضِلُّ اللَّـهُ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي مَن يَشَاءُ ۚوَمَا يَعْلَمُ جُنُودَ رَبِّكَ إِلَّا هُوَ ۚ وَمَا هِيَ إِلَّا ذِكْرَىٰ لِلْبَشَرِ (٣١)</u>

<u>مروجہ روایتی:</u> ہم نے دوزخ کے یہ کارکن فرشتے بنائے ہیں، اور ان کی تعداد کو کافروں کے لیے فتنہ بنا دیا ہے، تاکہ اہل کتاب کو یقین آ جائے اور ایمان لانے والوں کا ایمان بڑھے، اور اہل کتاب اور مومنین کسی شک میں نہ رہیں، اور دل کے بیمار اور کفار یہ کہیں کہ بھلا اللہ کا اِس عجیب بات سے کیا مطلب ہو سکتا ہے اِس طرح اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کر دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت بخش دیتا ہے اور تیرے رب کے لشکروں کو خود اُس کے سوا کوئی نہیں جانتا اور اس دوزخ کا ذکر اِس کے سوا کسی غرض کے لیے نہیں کیا گیا ہے کہ لوگوں کو اس سے نصیحت ہو[31]

<u>جدید علمی و عقلی ترجمہ:</u> **اور ہم نے ایسا کوئی قرینہ نہیں مقرر کیا ہے [ما جعلنا] کہ عام انسانوں کو آگ کی نذر کرتے جائیں [اصحاب النار]، سوائے اُن خاص لوگوں کے کہ جو معاشروں میں طاقت و اقتدار کے حامل رہے ہوں [اِلّا ملائکۃ] ۔ اور ہم نے ایسے لوگوں کا تعین/شمار کر کے [جعلنا عدّتہم] انکارِ حقیقت کرنے والوں کے لیے ایک سخت آزمائش [فتنۃ] پیدا کر دی ہے، اس مقصد کے ساتھ کہ اہلِ کتاب یقین کے درجے تک پہنچ جائیں اور اہلِ ایمان کے ایمان میں اضافہ ہو۔ اور اس لیے بھی کہ اہل کتاب اور مومنین کسی شک و شبہے میں نہ پڑیں، اور کافر اور ذہنی مریض یہ سوال کرنے پر مجبور ہو جائیں کہ ایسی مثال دینے سے اللہ تعالیٰ کیا واضح کرنا چاہتا ہے۔ پس یہ ہے وہ طریقہ جس سے اللہ تعالی اُن لوگوں کو گمراہی کے لیے چھوڑ دیتا ہے جو خود ایسا چاہتے ہیں، اوراُن لوگوں کی صحیح راہنمائی کر دیتا ہے جو ایسا ہی چاہتے ہیں۔ اور اللہ کی قوتوں کو خود اللہ کے سوا کوئی اور نہیں جان سکتا۔ اور یہ کلام تو اس کے سوا کچھ نہیں کہ انسانوں کے لیے ایک تنبیہ اور یاد دہانی [ذکریٰ] ہے ۔**